عیدالفطر دنیا کے لئے رحمت، برکت اورامن وسلامتی لیکرآئے،الطاف حسین
عیدالفطرایسے موقع پرآئی ہے جب غریب عوام آٹے کے حصول کیلئے لمبی لمبی قطاریں لگانے پرمجبور ہیں
اللہ تعالیٰ کی رضااورخوشنودی کیلئے عیدالفطر کے موقع پرغریب، ناداراور مستحق افرادکوعید کی خوشیوں میں شریک کرنے کا اہتمام کرنا چاہئے
پاکستان سمیت دنیا بھر کے مسلمانوں کوعیدالفطر کی دلی مبارکباد

لندن۔۔۔20،ستمبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پاکستان سمیت دنیا بھر کے مسلمانوں کوعیدالفطر کی دلی مبارکباد پیش کی ہے اور دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ عیدالفطر دنیا کیلئے رحمت، برکت اورامن وسلامتی لیکرآئے۔عیدالفطر کے موقع پراپنے خصوصی پیغام میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ عیدالفطرایک ایسے موقع پرآئی ہے جب پاکستانی عوام مہنگائی، بے روزگاری، آٹے، چینی، بجلی کے بحران کا شکار ہیں اور سستے آٹے کے حصول کیلئے لمبی لمبی قطاریں لگارہے ہیں، مہنگائی اور بے روزگاری کے باعث غریب عوام عید کی خوشیاں منانے سے محروم ہیں اور سفید پوشی کا بھرم تک قائم رکھنا مشکل ہوگیا ہے۔انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کی رضااورخوشنودی کیلئے ہمیں عیدالفطر کے موقع پرغریب، نادار، مستحق اور مفلوک الحال لوگوں کا بھرپور خیال رکھنا چاہئے اوران کی ہرممکن اعانت کے ساتھ ساتھ انہیں عیدالفطر کی خوشیوں میں شریک کرنے کا بھی زیادہ سے زیادہ اہتمام کرنا چاہئے۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ پاکستان عیدالفطر کو پاکستان کے عوام کیلئے مبارک ثابت کرے، ملک سے دہشت گردی خاتمہ فرمائے، ملک کوقوم کومعاشی استحکام اورترقی وخوشحالی سے مالا مال فرمائے اورحق پرستی کی تحریک کومنزل تک پہنچائے۔جناب الطاف حسین نے صوبہ پنجاب، سرحد، بلوچستان، سندھ، گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر سمیت دنیا بھر میں مقیم ایم کیوایم کے ذمہ داران، کارکنان، ماؤں، بہنوں، بزرگوں اورنوجوانوں کوعیدالفطر کی دلی مبارکباد پیش کی اورانہیں ہدایت کی کہ وہ عیدالفطر کے موقع پرحق پرست شہداء کے لواحقین ،لاپتہ اوراسیرکارکنان کے اہل خانہ کوضروریادرکھیں، انہیں عید کی خوشیوں میں شریک کریں اوران کی ہرممکن دلجوئی کریں۔

شعیب احمد بخاری نے سانحہ کھوڑی گارڈن میں جاں بحق ہونے والی خواتین اورحق پرست شہداء کے گھروں کا دورہ کیا
جاں بحق خواتین کے لواحقین کی امداداورشہداء کے لواحقین کی دلجوئی کی

کراچی۔۔۔20،ستمبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست صوبائی وزیرشعیب احمد بخاری نے سانحہ کھوڑی گارڈن میں جاں بحق ہونے والی خواتین کی رہائشگاہوں کا دورہ کرکے ان کی امداد کی اور سانحہ پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے دلی افسوس کا اظہار کیا۔بعدازاں شعیب احمد بخاری ایم کیوایم لائینز ایریا، رنچھوڑ لائن، قصبہ علی گڑھ، اورنگی اور سرجانی سیکٹرز کے حق پرست شہداء کے گھروں پرگئے اورحق پرست شہداء کے لواحقین کوقائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے عید کی دلی مبارکباد پیش کی اوران دلجوئی کی ۔اس دوران انہوں نے حق پرست شہداء کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی۔اس موقع پرمقامی حق پرست ارکان سندھ اسمبلی اورایم کیوایم کی سیکٹرزکمیٹیوں کے ارکان بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔

☆☆☆☆☆